وزراء ڈاکٹر محمود احمد غازی اور راجہ محمد ظفر الحق بھی شامل ہیں۔

کتاب ردقادیانیت پر حرف آخر کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ قادیانی دجل وفریب سے محفوظ رکھے گا۔ کتاب مضبوط جلد میں محفوظ کی گئی ہے اور ٹائٹل حسب عنوان تیار کیا گیا ہے۔

(۲)

نام کتاب : سوزِ دروں
مصنفہ : حمیرا عبید الرحمٰن
ضخامت : 148 صفحات
قیمت : 66 روپے
ملنے کا پتہ : (۱) ڈبائی منزل' A-577 'بلاک J' نارتھ ناظم آباد' کراچی
(۲) مکتبہ نور اسلام' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

سوزِ دروں اصلاحی افسانوں کا مجموعہ ہے۔ مصنفہ دردمند دل اور حساس جذبات رکھتی ہیں۔ اپنے اردگرد کے حالات سے گہرا تاثر لیتی ہیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تحریر کا سلیقہ عطا کیا ہے اس لئے اُس کا شکر ادا کرنے کے لئے اپنی صلاحیتوں کو صراطِ مستقیم کی طرف چلنے کی دعوت دینے میں استعمال کرتی ہیں۔ اس کتاب میں دیئے گئے چھوٹے چھوٹے افسانے اسی جذبے کا مظہر ہیں۔

وعظ ونصیحت کا سلیقہ خود ایک بڑا نازک فن ہے' کیونکہ شائستگی کے ساتھ دی گئی نصیحت تو پُر تاثیر ہوتی ہے جبکہ وہی نصیحت اگر بھونڈے انداز میں کی جائے تو نہ صرف بے اثر رہے گی بلکہ نفرت کے جذبات ابھارے گی۔ مصنفہ میں تحریر کی شائستگی کا وافر ملکہ موجود ہے جو اِن پُر تاثیر افسانوں سے ظاہر ہے۔

اس مجموعے میں شامل ہر افسانہ ایک مختصر سی تحریر ہے جسے پڑھتے وقت صاف محسوس ہوتا ہے کہ مصنفہ ماحول کو عبرت کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور صورتِ حال کی